(درجہ تخصص فی الفقہ) اول: جلال الدین بن اللہ زار خان۔ دوم: رفیق اللہ بن حسن المآب۔ سوم: اقبال خان بن بخت خان۔

(شعبہ کمپیوٹر) اول: محمد صدیق بن دلسوز درجہ دورہ حدیث۔ دوم: مطیع اللہ بن غلام رحیم درجہ تکمیل۔ سوم: رشید اللہ بن ابراہیم درجہ اولی

سوم: ہدایت الرحمن بن عدالت خان درجہ موقوف علیہ

جامعہ حقانیہ میں طلباء سے تفصیلی امتحانات کے علاوہ درمیانی مدت کے یک روزہ جائزوں کے سلسلے کا آخری امتحان مورخہ ۹ مئی، ۱۱ مئی اور ۱۲ مئی ۲۰۱۱ء کو بخیر وخوبی پایہ تکمیل ہوا۔

حضرت مہتمم صاحب مدظلہ اور اساتذہ دارالعلوم حقانیہ کا دورہ امہ چلڈرن اکیڈمی:

حضرت مہتمم صاحب مدظلہ ۱۷ اپریل ۲۰۱۱ء بروز اتوار تمام اساتذہ کرام و مشائخ عظام کے ہمراہ جناب مولانا محمد ادریس صاحب، چیئرمین امہ ویلفیئر ٹرسٹ کی دعوت پر امہ چلڈرن اکیڈمی تشریف لے گئے۔ جناب مولانا محمد ادریس صاحب اور پروفیسر اظہار الحق صاحب نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ اور اساتذہ کرام نے امہ چلڈرن اکیڈمی کے تمام شعبے دیکھے اور اس کی نہایت عمدہ کارکردگی، نظم ونسق اور خصوصاً صفائی و سلیقہ شعاری کا اپنی بے پایاں خوشی کا اظہار کیا اور اس موقع پر فرمایا کہ ہمارے پڑوس میں ایک ایسا اعلیٰ تعلیمی، دینی، فلاحی رفاہی ادارہ قائم ہوا ہے جو یتیم بچوں کی کفالت کے ساتھ ساتھ ان کو زیور تعلیم سمیت ہنر وفن سے بھی آراستہ کر رہا ہے۔ باقی اساتذہ کرام نے بھی امہ چلڈرن اکیڈمی کے منتظمین و روح رواں مولانا محمد ادریس صاحب اور پروفیسر اظہار الحق کی شبانہ روز خدمات اور خداداد صلاحیتیوں کی بھرپور پذیرائی فرمائی۔ ادارہ کے فلاحی کاموں کا نیٹ ورک اس وقت پورے صوبے خیبر پختونخوا، خصوصاً سیلاب سے متاثرہ علاقوں نوشہرہ اور اکوڑہ خٹک سمیت ہر جانب پھیل گیا ہے اور تھوڑے ہی عرصے میں خدمت اور نیک نامی میں دیگر مغربی لادین نام نہاد این جی اوز کے مقابلے میں ریکارڈ قائم کر دیا ہے۔ اس موقع پر مولانا مدظلہ نے جناب مولانا محمد ادریس صاحب سے انکے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کی اور ان سے تعزیت بھی کی۔ وفد میں مہتمم صاحب کے ہمراہ نائب مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق صاحب، شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب، استاد حدیث مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب، الحاج اظہار الحق صاحب، مولانا حامد الحق حقانی صاحب، مولانا سید یوسف شاہ صاحب، مولانا مفتی مختار اللہ صاحب، مولانا راشد الحق صاحب، مولانا عرفان الحق، مولانا سلمان الحق، مولانا لقمان الحق صاحب، شفیق الدین فاروقی صاحب، مفتی عبدالمعنیم صاحب، وغیرہ شامل تھے۔

حضرت مولانا مفتی شمس الدین صاحب رحمہ اللہ کی وفات:

جامعہ عربیہ مفتاح العلوم حیدر آباد کے مہتمم، یادگار اسلاف، فاضل دارالعلوم دیوبند گزشتہ دنوں انتقال فرما گئے۔ آپ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی ؒ کے شاگرد خاص تھے۔ اسکے علاوہ بانی دارالعلوم حقانیہ حضرت مولانا